سبق کا عنوان   آیئے پاکستان کی سیر کریں

خلاصہ

پاکستان چار صوبوں پر مشتمل ہے۔ ان کے نام پنجاب، سندھ، خیبر پختونخواہ اور بلوچستان ہیں۔ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے۔ بلوچی، براہوی اور پشتو یہاں کی بڑی زبانیں ہیں۔ یہاں گرم اور خشک پہاڑ ہیں۔ پگڑی یہاں کے مردوں کا خاص لباس ہے۔

پنجاب پاکستان کا دل کہلاتا ہے۔ یہاں بڑے بڑے شہر اور صنعتیں موجود ہیں۔ پنجاب کی بہت زرخیز ہے اس لئے یہاں فصلیں بھی خوب پیدا ہوتی ہیں۔ دنیا کی دوسری بڑی نمک کی کان بھی یہاں موجود ہے۔

سندھ کو مہران بھی کہا جاتا ہے۔ کراچی جو پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے۔ اور پاکستان کی پہلی بندرگاہ بھی یہاں موجود ہے۔ زیادہ تر زمین بنجر ہے۔ لوگ بھیڑ بکریاں اور اونٹ پالتے ہیں۔ سندھی ٹوپی اور اجرک ان کا خاص لباس ہے۔

خیبر پختونخواہ کا صدر مقام پشاور ہے۔ اس صوبے میں پشتو اور ہندکو زبان بولی جاتی ہے۔ یہاں وادیوں کا حسن دل کش ہے۔ سیاح دنیا بھر سے یہاں آتے ہیں۔ یہاں کے لوگ بہت بہادر اور مہمان نواز ہیں۔ فصلوں کے علاوہ پھل بھی یہاں کثرت سے پیدا ہوتے ہیں۔

خاص الفاظ

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
سیاح	سیر و تفریح کرنے والا	آثارِ قدیمہ	پرانے زمانے کے نشانات
ملیامیٹ	تباہ و برباد	جفاکشی	سخت محنت
الامان والحفیظ	خدا کی پناہ	حلقہ بگوش	اطاعت کرنے والا
فلک بوس	بہت اونچا		

مشق

سوال نمبر1- مختصر جوابات تحریر کریں۔

i. سونا اگلتی زمین سے کیا مراد ہے؟

ج) سونا اگلتی زمین سے مراد ہے بہت زرخیز زمین۔ ایسی زمین جس میں عمدہ قسم کی فصلیں پیدا ہوتی ہیں۔

ii. پاکستان کا کون سا صوبہ رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا ہے؟

ج) پاکستان کا صوبہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے۔

iii. سوئی گیس کو یہ نام کیوں دیا گیا ہے؟

ج) پاکستان میں قدرتی گیس سب سے پہلے سوئی کے مقام سے حاصل ہوئی تھی، اس لئے اس گیس کو سوئی گیس کا نام دیا گیا ہے۔

iv. پاکستان میں بندرگاہیں کہاں کہاں واقع ہیں؟

ج) پاکستان میں پورٹ قاسم اور گوادر میں بندرگاہیں واقع ہیں۔

v. پنجاب کن دو لفظوں کا مرکب ہے؟

ج) پنجاب، پنج اور آب دو لفظوں کا مرکب ہے۔ پنج کا مطلب پانچ اور آب کا مطلب پانی، یعنی پانچ دریاؤں کی سرزمین۔

vi. چھانگا مانگا کے جنگل کی کیا انفرادیت ہے؟

ج) چھانگا مانگا کا جنگل انسانوں نے خود اگایا ہے۔ یہ قدرتی جنگل نہیں ہے۔

vii. کھیوڑہ کی شہرت کس وجہ سے ہے؟

ج) کھیوڑہ کے مقام پر دنیا کی دوسری بڑی نمک کی کان ہے۔

viii. سندھو کس زبان کا لفظ ہے اور اس کے کیا معنی ہیں؟

ج) سندھو سنسکرت زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی دریا کے ہیں۔

ix. جھیل سیف الملوک کس صوبے میں واقع ہے؟

ج) یہ جھیل صوبہ خیبر پختونخواہ میں واقع ہے۔

x. ہڑپہ اور موہن جو داڑو کن صوبوں میں ہیں؟

ج) ہڑپہ صوبہ پنجاب اور موہن جو داڑو صوبہ سندھ میں واقع ہے۔

سوال نمبر2-درست جواب کی نشاندہی کریں۔(BOOK WORK)

جوابات: پتھریلا،،،سندھ،،، خیبر پختونخواہ،،،بلوچستان،،،712ء میں،،،پاکستان کا سوئٹزرلینڈ،،، ٹھٹھہ

سوال نمبر3-کالم الف کے درست جوابات کالم ب سے تلاش کر کے کالم ج میں لکھئے۔(BOOK WORK)

• پاکستان کا دل	لاہور
• پاکستان کا مانچسٹر	فیصل آباد
• پاکستان کا سوئٹزر لینڈ	سوات
• روشنیوں کا شہر	کراچی
• پاکستان کا گرم ترین شہر	سبی
• کھیلوں کا سامان	سیالکوٹ
• پنکھا سازی	گجرات
• فرنیچر سازی	چنیوٹ
• قائداعظم کے آخری ایام	زیارت

سوال نمبر4-ان لفظوں کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ مفہوم واضح ہو جائے:

الفاظ	جملے
مالامال	پاکستان معدنی دولت سے مالامال ہے۔
فلک بوس	کوہ ہمالیہ کی فلک بوس چوٹیاں برف سے ڈھکی رہتی ہیں۔
چار چاند لگانا	آپ کی شرکت نے محفل کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔
گنجان آباد	صوبہ پنجاب پاکستان کا گنجان آباد صوبہ ہے۔
ملیامیٹ	زلزلے نے سب کچھ ملیامیٹ کر دیا۔
حسنِ سلوک	کسان بادشاہ کے حسنِ سلوک سے بہت متاثر ہوا۔
حلقہ بگوش اسلام	محمد بن قاسم نے بہت سے ہندوؤں کو حلقہ بگوش اسلام کیا۔

سوال نمبر5-متضاد لکھیں:

الفاظ	قدرتی	خوش حالی	زرخیز	خوش ذائقہ	فلک بوس	ترقی
متضاد	مصنوعی	بدحالی	بنجر	بدذائقہ	زمین بوس	تنزلی

سوال نمبر8-واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھئے:

واحد	ملک	باغ	منظر	یوم	وطن	مقام
جمع	ممالک	باغات	مناظر	ایام	اوطان	مقامات

سوال نمبر9-اعراب لگائیں:

وَطن،،، سَنسکرت،،،معیار،،، صَنعت،،،مِثال،،، لِباس